2025-01-28

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج صبح بھوبھنیشور میں Utkarsh Odisha, Make-in-Odisha Conclave کا افتتاح کریں گے۔

2- بھارت اور چین نے اپنے باہمی تعلقات کی صورتحال کا جائزہ لیا ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان کیلاش مان سرووَر یاترا کو پھر سے شروع کرنے، براہِ راست فضائی خدمات بحال کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان سرحد پار دریاؤں سے متعلق اعداد و شمار مشترک کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

3- بھارتی ریلویز نے ٹرینوں کی رفتار کو 130 کلومیٹر فی گھنٹے تک بڑھانے کے لیے ریل نیٹ ورک کی 23 ہزار ٹریک کلومیٹر سے زیادہ پٹریوں کی جدید کاری کی ہے۔

4- 38 ویں قومی کھیل آج دہرہ دون میں مہارانہ پرتاپ اسٹیڈیم میں شروع ہوں گے۔

5- اور: کرکٹ میں آج شام راجکوٹ میں تیسرے ٹی ٹوئینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Make in Odisha Conclave

وزیراعظم نریندر مودی آج صبح بھوبھنیشور کے جنتا میدان میں Utkarsh Odisha, Make-in-Odisha Conclaveکا افتتاح کریں گے۔ وزیراعظم نریندر مودی کا اس مہینے اوڈیشہ کا یہ دوسرا دورہ ہے۔ جناب مودی نے اس مہینے کی 9 تاریخ کو اسی مقام پر پرواسی بھارتیہ دِوس تقریبات میں شرکت کی تھی۔

اوڈیشہ سرکار کی میزبانی میں منعقد Utkarsh Odisha عالمی سرمایہ کاری ایک اہم اجلاس ہے، جس کا مقصد اوڈیشہ کو Purvodaya نظریے کی قیادت فراہم کرنا اور اوڈیشہ کو بھارت میں سرمایہ کاری کے سرکردہ مقام نیز صنعتی مرکز کے طور پر فروغ دینا ہے۔

اوڈیشہ کے وزیراعلیٰ موہن چرن مانجھی، مرکزی وزراء Jual Oram، دھرمیندر پردھان، اشونی ویشنو اور دیگر سینئر اہلکار نیز صنعت کی سرکردہ شخصیات اس کانکلیو میں شرکت کریں گی۔

ایک رپورٹ

V/C Prakash Dash

India China Bilateral

بھارت اور چین اپنے دوطرفہ تعلقات کی تشکیل نو اور انہیں مستحکم کرنے کیلئے متعدد اقدامات کرنے پر متفق ہوگئے ہیں۔ بھارت کے خارجہ سکریٹری اور چین کے میکنزم کے نائب وزیر کے درمیان ہوئی ملاقات میں اس بارے میں اتفاق رائے ہوا۔ نئے اقدامات میں کیلاش مانسرووَر یاترا کی بحالی، دونوں ممالک کے درمیان راست پروازوں کا دوبارہ شروع کرنا اور سرحدوں کے پار جانے والی ندیوں سے متعلق اعداد وشمار ایک دوسرے سے مشترک کرنا شامل ہیں۔ خارجہ سکریٹری وِکرم مسری نے اِس تعلق سے منعقدہ میٹنگ میں شرکت کی۔ جناب مِسری چین کے دو روزہ دورے پر تھے۔

وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ متعلقہ طریقہ کار میں موجودہ معاہدوں کے تحت کیلاش مانسرووَر یاترا دوبارہ شروع کرنے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

فریقین، ہائیڈرولوجیکل اعداد وشمار کی گنجائشوں کی بحالی پر تبادلہ خیال کیلئے بھارت-چین ماہرین کی سطح کے میکنزم کی، مقررہ وقت سے پہلے میٹنگ کیلئے بھی راضی ہوگئے ہیں۔ اِس کے علاوہ سرحدوں کے پار جانے والی ندیوں سے متعلق تعاون پر بھی اتفاق رائے ہوا ہے۔

دونوں فریق، میڈیا اور تھنک ٹینک بات چیت سمیت عوام سے عوام رابطوں کو آسان بنانے اور انہیں فروغ دینے کے اقدامات پر بھی متفق ہوگئے ہیں۔ دونوں ممالک اپنے درمیان راست فضائی خدمات کی بحالی پر بھی تیار ہوگئے ہیں۔×

PM US Prez

وزیراعظم نریندر مودی نے امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے کَل ٹیلی فون پر بات کی۔ وہائٹ ہاؤس میں عہدہ سنبھالنے کے بعد امریکی صدر سے ان کی یہ پہلی گفتگو تھی۔ جناب مودی نے صدر ٹرمپ کو ان کے عہدے کی دوسری مدت کے لیے مبارکباد پیش کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور امریکہ آپسی مفاد اور حقیقی شراکت داری کے تئیں عہد بستہ ہیں۔

انھوں نے کہا کہ دونوں ملک عوام کی بہبود اور عالمی امن، خوشحالی اور سلامتی کے تئیں مل کر کام کریں گے۔x

Rev.Jaishankar UAE

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج ابوظبی میں رائے سینا مشرقی وسطیٰ کے افتتاحی اجلاس میں کلیدی خطبہ دیں گے۔ وزیر موصوف نے UAE کے اپنے تین روزہ باہمی دورے کے دوران ابوظبی میں واقع بھارتی سفارتخانے کی جانب سے منعقد کی گئی 76ویں یوم جمہوریہ تقریبات میں شرکت کی۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب جے شنکر نے ایسے وقت میں بھارت اور UAE کے درمیان بڑھتے تال میل پر زور دیا جب پوری دنیا یکسر تبدیلی کے عمل سے گزر رہی ہے۔

S/B S Jaishankar

اس سلسلے میں اور تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Vinor Kumar

بھارت اور متحدہ عرب امارات اپنی شراکت داری کو تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں مضبوط کر رہے ہیں۔ یہ بات بھارت کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے متحدہ عرب امارات میں بھارتی سفارتخانے کے زیر اہتمام 75ویں یوم جمہوریہ کی تقریبات میں کہی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اصل دوستی ایسے موقعے پر ہی پروان چڑھتی ہے انہوں نے اسے بھارت اور UAE اس کی ایک روشن مثال قرار دیا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی اور عمارات کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان کے مشترکہ نظریہ کے تحت اس شراکت داری نے اہم سنگِ میل حاصل کیا ہے۔

انہوں نے بھارتی برادری کو اپنے معیارِ زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے تئیں عزم کا یقین دلایا اور متحدہ عرب امارات حکومت کی سرگرم حمایت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔x

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.......

Piyush Goyal Oman CEPA

کامرس اور صنعتوں کے مرکزی وزیر پیوش گوئل کا عمان کا سرکاری دورہ شروع ہوگیا ہے۔ انہوں نے عمان کے کامرس، صنعت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے وزیر قیس بن محمد آل یوسف کے ساتھ نتیجہ خیز ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے، CEPA سے متعلق مذاکرات میں پیش رفت، دو طرفہ تجارتی اور سرمایہ کاری تعلقات کو مستحکم کرنے اور اشتراک کے نئے امکانات تلاش کرنے پر زور دیا گیا۔ اس دوران جناب گوئل نے کہا کہ وہ اس پیش رفت کے بارے میں پُرامید ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس بات چیت میں مستقبل میں ہونے والی مشترکہ کمیشن میٹنگ، JCM کے دوران مزید تیزی آئے گی۔

جناب گوئل آج سے مسقط کے دو روزہ دورے پر ہیں، جہاں وہ اپنے عمان کے ہم منصب کے ساتھ گیارہویں مشترکہ کمیشن میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ جناب گوئل کا یہ دورہ، خلیجی تعاون کونسل، GCC میں بھارت کے اہم شراکت دار، عمان کے ساتھ تجارتی اور سرمایہ کاری تعلقات کو بڑھانے کے بھارت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ سال 2023-24 میں بھارت اور عمان کے درمیان دوطرفہ تجارت کا حجم 8 اعشاریہ نوچار بلین امریکی ڈالر تک پہنچ گیا ہے، جس سے دونوں ممالک کے معاشی تعلقات کی گہرائی ظاہر ہوتی ہے۔×

## Delhi Campaign

قومی راجدھانی دلی میں جیسے جیسے انتخابات کی تاریخ نزدیک آ رہی ہے، سیاسی محاذ آرائی شدت اختیار کر رہی ہے۔ 70 رکنی دلی اسمبلی انتخابات کے لیے مہم پورے زور و شور سے جاری ہے۔ سینئر بی جے پی رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج بدرپور اور کستوربا نگر حلقے میں ایک روڈ شو کریں گے۔ جناب شاہ کالکاجی علاقے میں ایک عوامی جلسے سے بھی خطاب کریں گے۔

عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کیجیروال آج شام Ghonda اور کراول نگر میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ عام آدمی پارٹی کے سینئر رہنما اور پنجاب کے وزیراعلیٰ بھگونت مان بھی قومی راجدھانی کے مختلف حصوں میں روڈ شو کریں گے اور عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی آج شام پٹ پڑ گنج اسمبلی سیٹ پر ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ کانگریس کے ایک اور لیڈر سچن پائلٹ بادلی علاقے میں ایک روڈ شو کریں گے اور اپنے پارٹی امیدواروں کے حق میں لوگوں کی حمایت حاصل کریں گے۔

دلی اسمبلی انتخابات پانچ فروری کو منعقد ہوں گے جبکہ ووٹوں کی گنتی آٹھ فروری کو کی جائے گی۔x

## Delhi CEO Review Meeting

دلّی کے چیف انتخابی افسر نے سبھی پولنگ افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس مہینے کے آخر تک ووٹر انفارمیشن سِلپ VIS کی سوفیصد تقسیم کو یقینی بنائیں۔ دلّی اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے منعقد اعلیٰ سطحی میٹنگ میں دلّی CEO نے یہ ہدایت دی۔ ان Slips میں ووٹر کانام، پولنگ مرکز اور دیگر متعلقہ معلومات جیسی ضروری تفصیلات درج ہوتی ہیں، تاکہ ووٹر بغیر کسی دشواری کے اپنے پولنگ بوتھ کا پتہ معلوم کرسکیں اور اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرسکیں۔×

## Rev. Constituency Profile Shakurbasti

70 رکنی دلی اسمبلی کے لیے اگلے مہینے کی 5 تاریخ کو پولنگ ہوگی۔ انتخابات کے تناظر میں آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ آپ کے لیے ایک خصوصی سیریز پیش کر رہا ہے۔ آج ہم شکور بستی حلقے کے بارے میں بات کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Saklen

شمالی دلّی میں موجود شکور بستی اسمبلی حلقہ، دلّی اسمبلی انتخابات کے کچھ بہت اہمیت کے حامل اسمبلی حلقوں میں سے ایک ہے۔ اس سیٹ سے عام آدمی پارٹی نے دلّی کے سابق وزیر ستیندر جین

کو اتارا ہے، جو حال ہی میں منی لانڈرنگ کے معاملے میں 18 مہینے جیل میں رہنے کے بعد بیل پر باہر آئے ہیں۔ اس مرتبہ ستیندر جین کا اس حلقہ سے جیت حاصل کرنا بہت مشکل مانا جارہ ہے، کیونکہ کانگریس اور BJP دونوں ہی پارٹیاں جیت حاصل کرنے کیلئے کوئی کثر نہیں چھوڑ رہی ہیں۔ BJP نے کرنیل سنگھ کو جبکہ کانگریس نے اس حلقہ سے ستیش لوتھرا کو ٹکٹ دیا ہے۔ ستیندر جین نے اس حلقہ سے لگاتار تین بار جیت حاصل کی ہے۔ پچھلے انتخاب میں انہوں نے BJP کے ایس سی وتس کو ہرایا تھا۔ اس اسمبلی حلقہ میں رانی باغ، سروسوتی وہار، رشی نگر، پشچم وہار اور جوالا ہیری مارکیٹ جیسے علاقے شامل ہیں، جس میں ایک لاکھ 60 ہزار رئے دہندگان ہیں۔ خراب سڑکیں، سیور کی دقت، ٹرافک جام، پارکنگ اور امن وقانون کی صورتحال اس علاقے کے لوگوں کے کچھ اہم مسائل ہیں۔ اس حلقہ کا رجحان تبدیلی کا رہا ہے۔ 1993 کے بعد اس سیٹ سے BJP دو بار، کانگریس دو بار اور عام آدمی پارٹی تین مرتبہ کامیاب ہوئی ہے۔ اس بار ہونے والے سخت مقابلے میں یہ دیکھنا دلچسپ ہوگا کہ ستیندر جین چوتھی بار کامیاب ہوتے ہیں یا عوام کسی اور کو منتخب کرتی ہے۔

ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Railways Track Upgrade

بھارتی ریلویز نے ٹرینوں کی رفتار کو 130 کلومیٹر فی گھنٹہ تک بڑھانے کے لیے ریل نیٹ ورک کی 23 ہزار ٹریک کلومیٹر سے زیادہ پٹریوں کی جدید کاری کی ہے۔

ساتھ ہی اُس نے 110 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار حاصل کرنے کے لیے 54 ہزار ٹریک کلومیٹر پٹریوں کو بھی جدید بنایا ہے۔

بھارتی ریلویز نے کہا ہے کہ اِس منصوبہ بند توسیع سے مختلف خطوں میں بلا رکاوٹ کنکٹوٹی کو یقینی بنایا جا سکے گا اور یہ ریلویز کی مجموعی کارکردگی میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔x

Mahakumbh Health Care

اور اب خبریں پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ سے

کُل مونی اماوسیہ کے تناظر میں پریاگ راج میں مہاکمبھ میں شرکت کرنے والے عقیدتمندوں اور یاتریوں کے لیے صحت کی دیکھ بھال سے متعلق جامع بندوبست کیا گیا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پریڈ گراؤنڈ میں واقع سینٹرل ہاسپٹل صحت سے متعلق کسی بھی طرح کی ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔

ایک رپورٹ

V/C Dipendra / Aman

پریاگ راج میلہ اتھارٹی نے مہا کنبھ کے پریڈ گراؤنڈ میں 100 بستروں پر مشتمل ایک مرکزی اسپتال تیار کیا ہے، تاکہ عقیدت مندوں کی صحت سے متعلق ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔ اتھارٹی نے صحت سے متعلق پریشانیوں کو دور کرنے کیلئے پیشہ ور افراد اور ایمرجنسی ٹیم بھی تشکیل دی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے مرکزی اسپتال کے نوڈل آفیسر ڈاکٹر گورو دوبے نے کہا کہ مونی اماوسیہ کے مد نظر ڈاکٹر اور ایمبولنس کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے۔

S/B Gaurav Dubey

80 آیوش ڈاکٹروں پر مشتمل ٹیم بھی 20 او پی ڈی پر اپنی خدمات انجام دے رہی ہیں۔ اسپتال میں دی جانے والی تمام خدمات مفت دی جارہی ہیں۔

پریاگ راج سے دیپندرکمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

PM National Games

وزیراعظم نریندر مودی آج اتراکھنڈ کے دہرہ دون کے مہارانہ پرتاپ اسٹیڈیم میں 38 ویں قومی کھیلوں کا افتتاح کریں گے۔

مرکزی وزراء بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن اور قومی کھلاڑیوں سمیت مختلف مہمان اِس افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے۔ اس سے پہلے بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن کی صدر پی ٹی اوشا کل دہرہ دون پہنچ گئیں۔

ہمارے نامہ نگارنے خبر دی ہے کہ افتتاح کے لیے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ قومی کھیل اتراکھنڈ کے آٹھ ضلعوں کے گیارہ شہروں میں منعقد ہونے ہیں جو اگلے مہینے کی 14 تاریخ تک جاری رہیں گے۔ اِس دوران 35 کھیلوں کے کُل 47 مقابلے منعقد کیے جائیں گے۔

Cricket Ind Vs Eng

مردوں کے کرکٹ میں آج گجرات کے راج کوٹ میں نرنجن شاہ اسٹیڈیم میں تیسرے ٹی ٹوئینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے کھیلا جا ئے گا۔ سوریہ کمار یادو کی قیادت میں بھارتی ٹیم کو پانچ میچوں کی سیریز میں دو۔صفر کی سبقت حاصل ہے۔

سیریز کے شروعاتی میچ میں بھارتی ٹیم نے کولکتہ میں انگلینڈ کو سات وکٹ سے شکست دی تھی۔X

U-19 Women's Worli Cup Cricket

خواتین کے اَنڈر-19 کرکٹ عالمی کپ میں دفاعی چمپئن بھارت کا مقابلہ آج اسکاٹ لینڈ سے ہوگا۔ سُپر سِکس مرحلے کا یہ فائنل میچ ملیشیا کے کوالالمپور کے Bayuemas Oval میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر بارہ بجے شروع ہوگا۔

گروپ-A میں بھارت، آسٹریلیا کی انڈر-19 خواتین ٹیم کے ساتھ پہلے ہی ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے، جبکہ گروپ-B سے جنوبی افریقہ اور انگلینڈ نے سیمی فائنل میں جگہ بنائی ہے۔ سیمی فائنل مقابلے، سُپر سِکس مرحلے کے اختتام کے بعد جمعہ کے روز کھیلے جائیں گے۔×

Hockey India League

مردوں کی ہاکی انڈیا لیگ میں کل اڈیشہ کے بِرسامنڈا اسٹیڈیم میں سورما ہاکی کلب نے ایک سخت مقابلے میں ویدانتا کلنگا لینسرس کو پانچ-تین سے ہرادیا۔ ایک دوسرے مقابلے میں شراچی راڑھ بنگال ٹائیگرس نے دلّی SG پائیپرس کو دو-ایک سے شکست دی۔ اس جیت کے ساتھ بنگال ٹائیگرس سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے، جبکہ سورما ہاکی کلب فہرست میں تیسرے مقام پر پہنچ گیا ہی۔ آج Gonasika کا مقابلہ حیدرآباد طوفان سے ہوگا۔ یہ میچ رات آٹھ بج کر 15 منٹ پر شروع ہوگا۔×

Tennis Occitanie Open

ٹینس میں بھارت کے یوکی بھامبری اور اُن کے کروئیشیا کے جوڑی دار Ivan Dodig، Occitanie اوپن ٹورنامنٹ میں مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ فرانس کے Montpellier میں کل شام کھیلے گئے میچ میں تیسری درجہ بندی کی حامل جوڑی نے جرمنی کے Mark Wallner اور Jakob Schnaitter پر مشتمل جوڑی کو پری کوارٹر فائنل میں سات-پانچ / تین-چھ اور دس-آٹھ سے ہرایا۔

مردوں کے ڈبلز کے ایک دیگر پری کوارٹر فائنل میں، وِجے سندر پرشانت اور جیون نیڈو شیزیان کی بھارتی جوڑی کا مقابلہ آج شام Jonathan Eysseric اور Flavio Cobolli پر مشتمل فرانسیسی - اطالوی جوڑی سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام پانچ بجے شروع ہوگا۔×

IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے ہماچل پردیش، پنجاب اور ہریانہ میں آج دور دور تک شدید سردی کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے اترپردیش، اتراکھنڈ، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، اوڈیشہ، بہار اور گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال میں اگلے دو سے تین روز کے دوران رات اور صبح کے وقت میں گھنا کہرہ چھائے رہنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

IMD کے مطابق اگلے 24 گھنٹے کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں کم از کم درجہ حرارت میں کوئی خاص تبدیلی ہونے کا امکان نہیں ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......توحید

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے کل نیشنل کیڈٹ کور NCC کے یوم جمہوریہ کیمپ میں شرکت کرنے والے مختلف ریاستوں کے کیڈٹ سے وزیراعظم نریندر مودی کے خطاب کو سرخی بناتے ہوئے اُن کے اِس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ نوجوانوں کو نظم و ضبط کی اہمیت کو سمجھنا ہے اور ہمیشہ قوم کی تعمیر میں مصروف رہنا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے فون پر بات کی۔ اس خبر کو راشٹریہ سہارا اور انقلاب پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ، ملاپ، راشٹریہ سہارا سمیت تقریباً سبھی اخباروں میں نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کا یہ بیان بھی نمایاں ہے کہ اتراکھنڈ ریاست نے یکساں سول کوڈ کو حقیقت بنا دیا ہے۔

ساتھ ہی اخباروں نے وزیر داخلہ امت شاہ کے مہاکمبھ میں شریک ہونے اور سنتوں کے ساتھ سنگم میں پوتر اسنان کرنے کی خبر کو بھی پیش کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ حکومت زراعت اور کھیتی کے مفاد میں مسلسل کام کر رہی ہے۔

دلی اسمبلی انتخابات کے لیے عام آدمی پارٹی کا انتخابی منشور جاری ہونے کی خبر بھی تقریباً سبھی اخباروں میں ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی ایک خبر کے مطابق، نائیجیریا میں فوجی اڈّے پر خودکش حملے میں 27 افراد ہلاک ہوگئے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج صبح بھوبھنیشور میں Utkarsh Odisha, Make-in-Odisha Conclave کا افتتاح کریں گے۔

2- بھارت اور چین نے اپنے باہمی تعلقات کی صورتحال کا جائزہ لیا ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان کیلاش مان سرووَر یاترا کو پھر سے شروع کرنے، براہِ راست فضائی خدمات بحال کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان سرحد پار دریاؤں سے متعلق اعداد و شمار مشترک کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

3- بھارتی ریلویز نے ٹرینوں کی رفتار کو 130 کلومیٹر فی گھنٹے تک بڑھانے کے لیے ریل نیٹ ورک کی 23 ہزار ٹریک کلومیٹر سے زیادہ پٹریوں کی جدید کاری کی ہے۔

4-    38 ویں قومی کھیل آج دہرہ دون میں مہارانہ پرتاپ اسٹیڈیم میں شروع ہوں گے۔

5- اور: کرکٹ میں آج شام راجکوٹ میں تیسرے ٹی ٹوئینیٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔